بسم اللہ الرحمن الرحیم

# سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

خاوند کی پہلی بیوی سے ایک بیٹا ہے، کیا اس بیٹے کا نکاح خاوند کی دوسری بیوی کی بہن سے ہوسکتا ہے کہ وہ اس لڑکے کی سوتیلی ماں کی بہن ہے؟

## جواب

سوتیلی ماں کی بہن حقیقی خالہ نہیں کہ اس سے نکاح حرام ہو۔ لہٰذا اس لڑکے کا نکاح اپنی سوتیلی ماں کی بہن سے ہوسکتا ہے جبکہ ان کے درمیان کوئی اور مانعِ نکاح امر مثلاً رضاعت وغیرہ نہ پایا جائے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: "سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح جائز ہے، کچھ حرج نہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 667، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2356

تاریخ اجراء: 23 ذوالحجۃ الحرام 1446ھ/20 جون 2025ء